کافرین کو ہدایت نہیں (البقرۃ: 6-7)

اِنَّ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا	سَوَآءٌ عَلَيۡهِمۡ	ءَاَنۡذَرۡتَهُمۡ	اَمۡ لَمۡ تُنۡذِرۡهُمۡ
بے شک جنھوں نے کفر کیا	برابر ہے ان پر	چاہے آپ ڈرائیں انہیں	یا آپ نہ ڈرائیں انہیں
لَا يُؤۡمِنُوۡنَ (6)	خَتَمَ اللّٰهُ	عَلٰى قُلُوۡبِهِمۡ	وَعَلٰى سَمۡعِهِمۡ ؕ
وہ ایمان نہیں لائیں گے۔	مہر لگادی ہے اللہ نے	ان کے دلوں پر	اور ان کے کانوں پر،
وَعَلٰٓى اَبۡصَارِهِمۡ	غِشَاوَةٌ ؗ	وَّلَهُمۡ	عَذَابٌ عَظِيۡمٌ (7) ع
اور ان کی آنکھوں پر	پردہ ہے،	اور ان کے لیے	بڑا عذاب ہے۔

مختصر شرح

- اِنَّ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا...: وہ لوگ جن کے سامنے حق پیش کیا گیا اور پھر انہوں نے اسے ٹھکرا دیا، یا تو تکبر کی وجہ سے یا پھر اس میں شک کی بنیاد پر۔
- ءَاَنۡذَرۡتَهُمۡ اَمۡ لَمۡ تُنۡذِرۡهُمۡ...: اس آیت میں نبی ﷺ سے خطاب ہے جنھوں نے مکہ کے لوگوں کو دین کی دعوت دینے میں اپنی ہر ممکن کوشش کی۔ نبی ﷺ سے بہترین داعی کوئی ہو ہی نہیں سکتا؛ اس کے باوجود انہوں نے آپ ﷺ کی بات نہ مانی!
- مومنوں کے دلوں میں تقویٰ ہوتا ہے، جبکہ کافروں کے دلوں پر مہر، اور منافقوں کے دلوں میں بیماری ہوتی ہے۔
- خَتَمَ اللّٰهُ...: کافروں کے لیے دنیا میں سزا: ان کے دلوں اور ان کے کانوں پر مہر لگادی جاتی ہے جبکہ ان کی آنکھوں پر پردہ ڈال دیا جاتا ہے۔ اب نہ وہ دیکھ سکتے ہیں، نہ سن سکتے ہیں اور نہ ہی اُن کے دلوں میں ہدایت کا نور داخل ہو سکتا ہے۔ دل مرکز ہے، اگر اس پر مہر لگادی جائے تو کوئی نشانی یا نصیحت فائدہ نہیں پہنچا سکتی۔
- غِشَاوَةٌ کا مطلب ہے پردہ۔ یاد رکھیں کہ وہ دیکھ نہیں سکتے، تو ان کی آنکھوں پر کیا ہے؟ پردہ۔
- وَلَهُمۡ عَذَابٌ عَظِيۡمٌ...: کافروں کے لیے آخرت کی سزا: بڑا عذاب۔ جب اللہ عذاب کی بات کرے تو وہ عذاب بہت ہی بھیانک عذاب ہوگا۔ اس پر اگر عظیم یعنی بڑا عذاب کہا جائے تو ہم تصور بھی نہیں کر سکتے کہ وہ کیسا سخت عذاب ہوگا، استغفر اللہ۔

اسباق، دعا اور پلان: ان آیات سے کئی اسباق، دعائیں اور پلانس بنائے جاسکتے ہیں۔ نیچے بطور مثال صرف چند کا ذکر ہے۔

- کافروں کو ہدایت نہیں ملے گی۔
- دنیا میں سزا: ان کے دلوں اور کانوں پر مہر، اور ان کی آنکھوں پر پردہ۔
- آخرت میں سزا: بڑا عذاب۔

دعا: رسول اللہ ﷺ یہ دعا کیا کرتے تھے: **اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكُفْرِ وَالْفَقْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ۔** اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں کفر سے، فقر وفاقہ سے اور قبر کے عذاب سے۔

پلان: ان شاء اللہ! میں سچ سنوں گا چاہے وہ مجھے تکلیف دے، چاہے وہ میرے معاون کی طرف سے ہو یا کسی مانگنے والے کی جانب سے۔

اسماء وافعال: اس سبق کی آیات میں آنے والے کچھ اسماء اور افعال نیچے دیے گئے ہیں۔

اسماء

واحد	جمع	معانی
قَلْب	قُلُوْب	دل
بَصَر	أَبْصَار	آنکھ

خاتم النبیین: رسول اللہ ﷺ

افعال: ہر فعل کے تحت دیے گئے تین افعال اور تین اسماء کی TPI کے ساتھ مشق کیجیے

تکرار	مادہ اور کوڈ	فعل ماضی	فعل مضارع	فعل امر	اسم فاعل	اسم مفعول	کام کا نام	معانی
461	ك ف ر / ذ	كَفَرَ	يَكْفُرُ	اُكْفُرْ	كَافِر	مَكْفُوْر	كُفْر	کفر کرنا
6	خ ت م / ض	خَتَمَ	يَخْتِمُ	اِخْتِمْ	خَاتِم	مَخْتُوْم	خَتْم	مہر لگانا